**13/03/2025**

**07.40 PM**

**ہیڈ لائنز**

***........حکومت شہر سرینگرمینمذہبی اور سیاحتی مقامات کو فروغ دینے کی وعدہ بند// وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ۔**

***........قانون ساز اسمبلی کا اجلاس جاری// ارکان نے کی عوامی نوعیت کے کئی معاملات کو حل کرنے میں حکومت کی مداخلت طلب۔**

***........مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویا نے کیا کشمیر یونیورسٹی میں تقریب سے خطاب // وکست بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے میں نوجوانوں کے رول کو کیااجا گر۔**

**اور**

***........اسرو نے کیا SpaDExکی سیٹلائٹس دو تحت کے مشن Undockig۔ کا کام مکمل**

**عمر سیاحت**

**وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ حکومت زیادہ سے زیادہ سیاحونکو راغب کرنے کیلئے سرینگر شہر میں مذہبی اور سیاحتی مقامات کو فروغ دینے کی وعدہ بند ہے۔ انہوں نے کہاکہ جھیل ڈل ، نشاط ،شالیمار، چشمہ شاہی ، پری محل ، زیارت گاہیں ، مندر اور گردوارہ شہر سرینگر کا خاصا ہے ۔آج اسمبلی میں علی محمد ساگر کے سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوننے کہاکہ ایسا کرنے سے نوجوانوں کیلئے روزگار کے زیادہ سے زیادہ مواقعے پیدا ہوں گے۔**

**وزیر اعلیٰ اسمبلی**

**حکومت نے آج وضاحت کی کہ انڈسٹریل اسٹیٹس کے قیام کیلئے اراضی محکمہ مال کی طرف سے صنعت و حرفت محکمے کو سونپی جاتی ہے جس کے بعد وضع کئے گئے رہنما خطوط کے بعد یہ اراضی خواہشمند کار خانہ داروں کو الاٹ کی جاتی ہے۔ یہ جانکاری آج وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے میر سیف اللہ کی طرف سے پوچھے گئے ایک ضمنی سوال کے جواب میں دی ۔**

**دریں اثنا وزیر اعلیٰ نے قیصر جمشید لون کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ تنظیم نو کے بعد جموں وکشمیر اور لداخ یوٹیز کے درمیان اثاثوں ، واجبات اور بجٹ کی منصفانہ تقسیم کاری کو یقینی بنانے کیلئے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے ۔**

**اعجاز احمد جان کے سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیرا علیٰ نے کہا کہ جموں کشمیر ایڈمنسٹریٹو سروسز کے 2018سے2024تک کے بیچز کیلئے سیلبس تیار کرنے کا عمل آخری مرحلے میں ہے ۔**

اسمبلی

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے ایوان میں نذیر احمد خان کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ سرینگر-بانڈی پورہ گریز شاہراہ کی اہمیت کو مد نظر رکھتے ہوئے یہ معاملہ مرکزی سرکار کے ساتھ اٹھایا گیا ہے۔ اس موقعے پر ارشاد رسول کار ، نظام الدین بٹ اور ہلال اکبر لون نے ضمنات ابھارے ۔

نائب وزیر اعلیٰ نے سنیل کمار شرما کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہاکہ پاڈر ناگسنی حلقے میں رواں مالی برس کے دوران 93چھوٹے صنعتی یونٹوں کو سپانسر کیا گیا ۔

کھیل کود کے وزیر ستیش شرما نے موہن لال کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ اکھنور حلقے میں مقامی نوجوانوں کیلئے کھیل کود کی متعدد سہولیات قائم کی گئی ہیں۔

صحت کی وزیر سکینہ ایتو نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے بدلے بھرت بھوشن کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ مختلف شہری بلدیاتی اداروں میں کام کر رہے صفائی کرمچاریوں کی نوکریاں با قاعدہ بنانے کےلئے معاملے کا قائم کی گئی کمیٹی کے ذریعے سے جائزہ لیا جائے گا۔اس موقعے پر بلونت سنگھ منکوٹیہ ، ریاض احمد خان اور معراج ملک نے ضمنی سوال پوچھے۔

وزیر موصوفہ نے عمر عبداللہ کے بدلے راجیو جسٹروٹیہ کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ کھٹوعہ اور سانبہ اضلاع میں اب تک بالترتیب 17لاکھ 27ہزار 2سو 41کنال اور 15لاکھ 39ہزار662کنال اراضی پر سے غیر قانونی قبضہ ہٹوا دیاگیا ہے ۔

دیہی ترقی کے وزیر جاوید احمد ڈار نے رفیق احمد کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ نو دل ترال میں ایک میوہ منڈی قائم کرنے کیلئے سولہ کنال اراضی کو منتقل کرنے کا کام حتمی مرحلے میں ہے ۔

وقفہ صفر

وقفہ صفر کے دوران آج قانون ساز اسمبلی میں متعدد ارکان نے عوامی نوعیت کے معاملات کو اجا گر کیا۔ان ارکان میں محمد یوسف تاریگامی ،حسنین مسعودی اور جاویدریاض بیدار شامل ہیں۔

بورڈ

جموں کشمیر بورڈ آف اسکول ایجوکیشن بورڈ کے کام کاج میں بہتری اور معقولیت لانے کیلئے متعدد اقدامات کر رہا ہے۔ اس تعلق سے جموں کشمیر بورڈ آف اسکول ایجوکیشن کے سیکریٹری غلام حسن شیخ نے آکاشوانی نیو ز کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

.........Ghulam Hassan Sheikh........

منشیات

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

...........(PM)....Byte...........

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے کئی اقدامات کئے جارہے ہیں۔ اس تعلق سے جب ہم نے ایک معروف تھیٹر آرٹسٹ محمد اشرف ناگو کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا

.........M.Ashraf Nagoo........

دن

آج گردوں کے امراض سے متعلق جانکاری عام کرنے کا عالمی دن ہے۔ اس دن کی اہمیت کے تعلق سے شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ میں نفرالوجی شعبے کے سربراہ ڈاکٹر مظفر مقصود وانی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

--(Muzaffar Maqsood)--Byte--

گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر میں نفرالوجی شعبے کے سربراہ ڈاکٹر تجمل حسین میر نے کہا۔

--(Tajamul Hussain)--Byte--

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

انٹرو

امور نواجون اور کھیل کود کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویا نے کہاہے کہ مرکزی حکومت وزیر اعظم نریندر مودی کے 2047تک بھارت کو ترقی یافتہ بنانے کے نظریات کے مطابق مرتب کی جا رہی پالیسونکے ذریعے سے با اختیار بنانے کی وعدہ بند ہے ۔ وہ کل کشمیر یونیورسٹی میںViksit Bharat-Yuva Connect پہل کے تحت منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے تھے ۔ایک رپورٹ کے ساتھ آکاشوانی نیوز کے سربراہ طارق راتھر۔

.........Tariq Rather.........

رمضان

روزوں کو نیکیوں کا موسم بہار بھی ماناجاتا ہے ۔ اس حوالے سے جب ہم نے معروف اسکالر اور جموں کشمیر وقف بورڈ کے ممبر ڈاکٹر غلام نبی حلیم کے ساتھ بات کی تو انہوننے کہا۔

......-(G.N Haleem)--V/O-.........

اِسرو

مشن کے حصے کے طور پر دو سیٹلائٹس کیSpaDEx بھارتی خلائی تحیقی تنظیم اسرو نے Undocking کا عمل مکمل کیا ہے ۔ اس کامیابی کو بھارت کے خلائی سفر میں ایک کلیدی پیش رفت مانا جا رہاہے۔ سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے اس کامیابی پر اسرو کو مبارکباد دی ہے ۔

رابطہ

وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی سے آج رابطہ دفتر سرینگرمیں کئی عوامی وفود ملاقی ہوئے ۔ انہوننے لوگوں کے مسائل غور سے سنے اور یقین دلایا کہ تمام مسائل کو ترجیحی بنیاد پر حل کیا جائے گا۔

اندرابی

وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشان اندرابی نے آج جموں ائر پورٹ کے نزدیک پیر با با بڈھن علی شاہؒ کی زیارت پر حاضری دی۔ انہوں نے کہا کہ بورڈ اس زیارت گاہ پر ہر طرح کی بنیادی سہولیات دستیاب کرانے کی وعدہ بند ہے۔

------Byte------

این سی

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فارو ق عبداللہ اور نائب صدر و وزیر اعلیٰ نے ہولی کی مبارکباد دی ہے ۔ انہوننے بلند پایہ ولی کامل حضرت سخی زین الدین ولیؒ عیشمقام کے سالانہ عرس کے موقعے پر بھی لوگوں کو مبارکباد دی ہے ۔

ست شرما

بی جے پی جمونوکشمیر کے صدر ست شرما نے جموں میں پارٹی کارکنونکے ایک اجلاس سے خطاب کر تے ہوئے کہا کہ جمونو کشمیر کے مختلف علاقوں کے لوگ بی جے پی میں بڑھ چڑھ کر شامل ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مو دی کی طرف سے عوامی بہبود کےلئے شروع کئے گئے پروگراموں سے سکیموں سے لوگ کا فی متاثر ہو رہے ہیں۔

جی ایم شاہین

جے ڈی یو جمونو کشمیر کے صدر جی ایم شاہین کے لیفٹنٹ گورنر سے جمونوکشمیر کی ٹریجریوں میں بقول انکے مالی بحران سے نمٹنے کےلئے فعال اقدامات کرنے کی اپیل کی ہے۔

پولیس

ڈویژنل کمشنر جموں رمیش کماراور آئی جی پی جموں بھیم سین ٹُٹی نے آج ایک میٹنگ کے دوران ہولی، عید اور نوراترا تہواروں کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔

اد ھر پولیس نے گنڈ بل حاجن سڑک پر دہشت گردوں کے دو اعانت کاروں کو کچھ ہتھیار سمیت گرفتار کیا ہے۔

گریز

حکام نے بالائی علاقوں میں تازہ برفباری کے پیش نظر گریز سب ڈویژن کے تمام تعلیمی ادارے 15مارچ تک بند کئے ہیں۔

موسم مختار

جموں و کشمیر کے مختلف علاقوں میں پچھلے چند روز سے مطلع ابر آلو د ہے اور میدانی علاقونمیں رک رک کر ہلکی بارشوں کا سلسلہ جاری ہے۔ سرینگرمیں محکمہ موسمیات کے سربراہ ڈاکٹر مختار احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

...........Dr. Mukhtar Ahmad........

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر کے میدانی علاقوں میں اگلے24گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یابرفباری ہونے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 13اعشاریہ1ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 7ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 27اعشاریہ7ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت16اعشاریہ3ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل اختتام سحری صبح5بجکر20منٹ پر

جبکہ افطاری کا وقت شام6بجکر40منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ۔

.......................

..............................

...................